مئی 2024ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ اپریل میں ملک کے اکثر زرعی میدانوں میں معمول سے زیادہ بارشیں ریکارڈ ہوئیں جس کیوجہ سے فصل کا دورانیہ معمول سے تھوڑا زیادہ رہا۔ تاہم اکثر علاقوں میں بارشوں، ژالہ باری اور جھکڑ چلنے سے گندم کی کٹائی اور گہائی متاثر ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ موسمی سبزیوں اور پھل دار درختوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں کپاس کی کاشت جاری ہے۔ مئی کے مہینے میں گرمی کی شدت میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔ ملک بھر کی زرعی میدانوں میں معمول کے مطابق بارشوں کی توقع ہے۔ بالائی علاقوں میں چند مقامات پر وقتاً فوقتاً تیز آندھی / جھکڑ بھی متوقع ہے۔

کاشتکار حضرات اپنی سہولت کیلئے مندرجہ ذیل زرعی موسمیاتی مشورے ملحوظ خاطر رکھیں۔

۱۔ مئی کے موسمی حالات نہایت غیر یقینی ہوتے ہیں لہذا فصلوں کی گہائی کا عمل موسمی پیشگوئی کے عین مطابق کریں۔ متوقع بارش کی صورت میں اکٹھی کی ہوئی گندم کو اگر ممکن ہو تو پلاسٹک سے ڈھانپ لیں کیونکہ بارش سے اناج اور بھوسے کا معیار بری طرح متاثر ہوتا ہے۔

۲۔ گندم کی فصل سے فارغ ہونے والے کھیت کو ہل چلا کر کھلا نہ چھوڑیں بلکہ سہاگہ چلا کر لیول کر دیں تاکہ مئی کے مہینے میں بڑھتی ہوئی شرح تبخیر زمین سے زیادہ پانی کے ضیاع کا سبب نہ بنے۔ خاص کر خودرو جڑی بوٹیوں کو زمین میں دبا دیں یا اکٹھا کر کے آگ لگا دیں۔ اگر بارش ہوگی تو زمین زیادہ پانی جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہوگی ورنہ پانی جذب ہونے کی بجائے بہہ کر دوسرے کھیتوں میں چلا جائے گا۔ بارانی علاقوں کے کسانوں کیلئے یہ طریقہ بے حد مفید ثابت ہو گا۔

۳۔ کپاس کے کاشت کے علاقوں میں بوائی کا عمل بروقت مکمل کرنے کی کوشش کیجائے اور متوقع بارش ہونے کی صورت میں بارانی علاقوں جہاں مونگ پھلی کاشت کی جاتی ہے وہاں کسان فوری طور پر مونگ پھلی کاشت کر دیں تاکہ دستیاب وتر سے فائدہ اٹھایا جاسکے۔

۴۔ وسطی وزیریں پنجاب اور سندھ میں گرمی کی شدت میں اضافے کے پیش نظر نہری علاقوں کے کسان کھڑی فصلوں کے پانی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے آبپاشی کا بندوبست کر لیں۔

۵۔ اپنی تمام ترکھیتی باڑی موسمی پیشگوئیوں کے مطابق کریں۔ موسمی پیشگوئیوں کے سلسلے میں محکمہ موسمیات کے یوٹیوب چینل (پی ایم ڈی ویدر چینل)، اخبار، ریڈیو، ٹیلیویژن سے مربوط رہیں اور اگر کوئی زرعی موسمیاتی مسئلہ درپیش ہو تو ہمارے مندرجہ ذیل دفاتر آپ کی بخوبی مدد کر سکتے ہیں۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔ او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔ او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر: 4- 9250363- 051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔ فون نمبر: 022-9250558

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211211

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ **www.pmd.gov.pk** ملاحظہ فرمائیں۔